RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱۱ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء مطابق ۲۵ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۷ھ جلد ۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	حکم جوڈیشل ممبر کونسل۔	۱
۲	حکم ریونیو ممبر کونسل۔	۱
۳	روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۷ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۲
۴	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۲
۵	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۶	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۷	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۳
۸	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۹	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء	۴
۱۰	یادداشت سررشتہ دار صاحب سکنہ اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع [illegible]	۴
۱۱	نقشہ حیات و ممات۔	۵
۱۲	نرخ نامہ اجناس۔	۶
۱۳	اشتہار فروخت کتب ہائے سادہ موجودہ مطبع سرکاری	۶

حکم جوڈیشل ممبر کونسل

رخصت

۸ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء۔ قاضی محمد زکی الدین احمد صاحب اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر بہادر کو بضرورت خاص ایک ماہ کی رخصت بمنظوری ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے عطا ہوئی۔ اور منشی محمد احمد سررشتہ دار صدر علاوہ اپنے کام سررشتہ داری کے قائم مقامی اسسٹنٹ جوڈیشل کا کام بھی انجام دینگے

حکم ریونیو ممبر کونسل

اضافہ

۱۳ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء۔ لالہ جنتی پرشاد اہلمد ملازمان کا یکم مارچ سنہ ۱۸۹۰ء سے دو روپیہ ماہوار اضافہ ہوا۔

روبکار اجلاس نواب نواب بابت جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل آف رجنسی

واقع ۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

طریقہ مروجہ قدیمہ سے معلوم ہوا کہ نسبت مال لاوارث و متروکہ و لادعوے افسران اسٹیشن پولیس کا یہی عملدرآمد ہے کہ مال لاوارث کی افراد وغیرہ مرتب کرکے کسی کے سپرد کردیتے ہیں اور محکمہ مجسٹریٹی کو بغیر صدور حکم روانہ نہیں کرتے۔ جسکی بابت بخیال خلاف و عدم تحفظ مجسٹریٹ ضلع کی یہہ تجویز ہوئی کہ ایسا مال منقولہ وہ ارسال عدالت کرے اور مال غیر منقولہ ایسے شخص ... ہو جسکی مالی حالت و حیثیت افسر اسٹیشن پولیس ... کے قابل اور المضاعف مال سپرد شدہ ہو۔ بنابران حسب منشا اس اجلاس کے اس باب میں ایک کمیٹی افسران ذیل کی ۲ ماہ حال کو منعقد ہوئی مفتی صاحب مرافعہ اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر اسسٹنٹ ممبر مال مجسٹریٹ ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ اور بالاتفاق ممبران حاضر کی رائے یہہ ہوئی کہ اگر مجسٹریٹ صاحب کو اپنی عدالت کے مالخانے پر کافی اعتماد ہے تو ہمکو اتفاق ہے یہی تجویز ارباب کمیٹی سے منظور ہو کر مجسٹریٹ صاحب کو اطلاع دی گئی لیکن اسقدر امر کمیٹی میں مبحوث عنہ ہونیسے رہگیا کہ اگر مال غیر منقولہ کے المضاعف حیثیت کا کوئی آدمی نہ ملے۔ اور افسر اسٹیشن پولیس کو اطمینان ہو۔ تو کیا کیا جائے اسکے بابت اس اجلاس کے رائے یہہ ہے کہ اگر ایسا ہو تو مال افسران تحصیل یا افسران اسٹیشن پولیس کے تفویض رہے (جیسا مناسب موقع ہو) اور مجسٹریٹ صاحب جلد ایسے مال کی نسبت فیصلہ دیں۔ اور تا دوران نگرانی اوسکی محافظت رکھیں۔

حکم ہوا کہ

یہہ روبکار بغرض اطلاع و تعمیل جملہ عدالتہاے ریاست بذریعہ گزٹ شائع کیا جاوے۔ فقط

شرح دستخط نواب بابت جنگ

روبکار اجلاس نواب نواب بابت جنگ بہادر جوڈیشل ممبر کونسل آف رجنسی

واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

صاحب مجسٹریٹ شہر رامپور کی تکمیل تنخواہ کی بابت کارروائی ہوئی اور معہذا اونکے عہدہ مجسٹریٹی کا ایک لازمی کام جو جنکے اونسے متعلق نہ تھا اب اونکی ذمہ داری میں دیا جاتا ہے یعنی سررشتہ صفائی شہر جسکے روز وصول حکم سے وہ افسر خاص متصور ہونگے اور گرداور و جملہ عملہ صفائی اونکے ماتحت بجز کسی خاص عجلت طلب کام کے معمولی تمام رپوٹین گرداور صفائی کے اونکے پاس جایا کرینگی جنپر معمولی احکام وے خود صادر کیا کرینگے اور جن امور میں منظوری یہانکی درکار ہوگی مثل رقوم خراجات و دیگر اہم امور اونکے نسبت باندراج رائے خود اس اجلاس میں رپوٹین بھیجا کرینگے اور گشت گرداوری شہر کے گلی کوچوں کی بغرض معاینہ حسن و قبح کارروائی صفائی اور نیز نگرانی ان مرمتون وغیرہ کارہاے تعمیر متعلقہ مینوسپلٹی بقدر کافی و فرصت از کارہاے عدالتی کرتے اور اطلاعی رپوٹین بھیجتے رہینگے۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا تعمیلاً خدمت میں صاحب مجسٹریٹ مرسل اور پروانجات بنام گرداور صفائی و مینوسپل منتظر جاری ہون اور ایک نقل بنا بر انطباع گزٹ مطبع کو مرسل ہو

شرح دستخط نواب بابت جنگ

روبکار اجلاس صاحبان نائب پریزیڈنٹ بہادر و ممبران کونسل تخفیف ریاست رامپور
واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

۳۰ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع کو ششماہی اول سال حسابی کی جسکے موافق بجٹ کی ترتیب ہوتی ہے ختم ہوگی لہذا بموجب نقشہ مروجہ کے صحیح حساب ششماہی کے آمدنی اور اخراجات کا بمطابق بجٹ منظور شدہ طیار ہونا چاہیے اور وہ حساب اپریل آخر تک ملاحظہ سے معزز ممبران کونسل کے گذرنا چاہیے

لہذا حکم ہوا کہ

دیوان صدر اور جملہ عہدہ داران متعلق مطلع ہو کر تعمیل کرین اور روبکار ہذا درج گزٹ ہووے۔

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحبان نائب پریزیڈنٹ بہادر و ممبران کونسل تخفیف ریاست رامپور
واقع ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

ہر سال جو بجٹ آمدنی و مصارف ریاست کا طیار ہوتا ہے اوسمین بمد آمدنی تخمینی بقایا موجودہ خزانہ خورد ابتدا شروع سال کے سب سے اول درج کرنا چاہیے بدون اسکے بجٹ مکمل تصور نہین ہو سکتا۔

حکم ہوا کہ

دیوان صدر مطلع ہون اور روبکار ہذا درج گزٹ ہووے

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحبان نائب پریزیڈنٹ بہادر و ممبران کونسل تخفیف ریاست رامپور۔ واقع تاریخ ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

اب تک بخشی فوج کے سررشتہ مین کوئی کتاب ایسی نہین ہے جسمین بطور فہرست کل ملازمان ریاست ہذا کی مرتب ہوئے ہون اور اوسمین یادداشت تغیرات کی جو وقتاً فوقتاً ہوتے رہتے ہین مرقوم ہوا کرے تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسی کتاب کی بہت ضرورت ہے وہ کتاب تین فصل پر منقسم ہوگی۔ فصل اول مین ملازمان تابع صاحب نائب پریزیڈنٹ بہادر فصل دوم مین ملازمان صیغہ جوڈیشل۔ فصل ثالث مین ملازمان جنگی ایک نقشہ تجویز کر دیا ہے جو منسلک ساتھ اس روبکار کے۔ یہ کتاب بہت جلد مرتب ہونا چاہیے سشیو رامپوری کاغذ تقطیع کلان بحجم مناسب محافظخانہ سے دیئے جاوینگے بخشی فوج اس نمونہ کو چھپوا لین بقدر ضرورت اور ایک کتاب مجلد کرا لین ایک سال کیلیے

حکم ہوا کہ

بخشی فوج کے نام حکم جاری ہووے اور روبکار درج گزٹ ہو کر اس کتاب کے صفحات پر نمبر ہونگے اور شروع مین ایک انڈکس یعنی فہرست ہوگی کہ فلان صیغہ کے ملازم فلان صفحہ پر مندرج ہین یہ انڈکس بہت احتیاط سے مرتب ہوگا اسم وار نہین بلکہ صیغہ وار کافی ہوگا اگر زیادہ اور آراستگی سررشتہ سے مطلوب ہو تو بخشی فوج انگریزی سول لسٹ کو دیکھکر بسلسلہ حروف تہجی ایک انڈکس شروع پر لگا سکتے ہین۔

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحبان نیو ممبر بہادر کونسل انتظامی ریاست رامپور - واقع تاریخ ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

اعمالنامہ یعنی کیریکٹر بک ملازمان ریاست ہذا کا پارسال باہتمام بلیغ مرتب کرا لیا گیا لیکن اوسکی خانہ پری کی بابت کچھ باقاعدہ سررشتہ ہشت بگری سے معلوم نہین ہوئی - اعمالنامہ مین تمام جرمانہ و دیگر سزا و انعام و ترقی سلسلہ وار وقتاً فوقتاً بہت جلد درج ہونا چاہیے اور وہ حاکم متعلق کے دستخط سے مزین ہونا ضرور ہے - ہر سہ ممبر صاحبان کونسل مین سے جسکے صیغہ کا حکم ہوئی اونکے دستخط کرائے جاوین یہہ کتاب مہینہ مین دو بار بتواریخ معین بخشی فوج یا اونکا ماتحت خود صاحبان ممبر کونسل کے حضور مین حاضر کرکے دستخط کرا لیا کرین جب حکم کا ملخص درج کرکے حاکم کے دستخط ہو جاوین تب آئندہ کسی مثل کے دیکھنے کی ضرورت کم ہوگی - ہم اپنے اجلاس کے دستخطون کے لیے اتوار کا دن مقرر کرتے ہین مہینہ مین دو بار اتوار کے دن اعمالنامہ ملازمان ماتحت صیغہ ہا کا برائے دستخط پیش ہوا کرے بسطح ہمارے معزز معاصرین بھی ارشاد فرماوینگے کہ کون دن اس کام کیلیے موزون ہوگا - فقط

حکم ہوا کہ

کہ پروانہ مفصل بنام بخشی فوج جاری ہوئی اور روبکار درج گزٹ ہووے -

شرح دستخط
سید علی حسن

روبکار اجلاس جناب صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل انتظامی ریاست رامپور واقع ۱۴ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

بوجہ رخصت طویل منشی تصدق حسین خان نائب تحصیلدار کی منشی غلام رسول خان پیشکار کی تعیناتی نائب تحصیلداری سوار پر عمل مین آئی تھی اب کہ منشی تصدق حسین خان تحصیلدار انسپکٹر مدارس ریاست ہذا مقرر ہوئے ہین حسب تحریک صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم لہذا منشی غلام رسول خان بدستور نائب تحصیلداری سوار کا کام کرتے رہین -

حکم ہوا کہ

پروانہ بنام بخشی فوج و تحصیلدار سوار و منشی غلام رسول خان جاری ہووے - روبکار ہذا درج گزٹ ہووے -

شرح دستخط
سید علی حسن

یادداشت اجلاس منشی محمد احمد صاحب انچارج صاحب اسسٹنٹ نواب جوڈیشل ممبر بہادر - واقع ۱۲ مارچ سنہ ۱۸۹۰ء

بوصول روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر مورخہ ۳ مارچ سنہ رواں واضح ہوا کہ رامپور گزٹ مطبوعہ ۳ مارچ کی جگہ ۲۸ فروری لکھی گئی اور رسید چندہ آمدنی ہارس الاونس کی تعداد نہین لکھی اور فقط ہارس الاونس نام ہی درج ہے لہذا مناسب متصور ہوا کہ بترسیل یادداشت منصرم صاحب مطبع کو بغرض احتیاط و نگرانی آئندہ لکھا جاوے اور ہارس الاونس کی تعداد نہ لکھی ہوئی مطبع پر الزام عائد نہین ہو سکتا شاید یہہ غلطی صدر سے ہوئی ہے اسکی بابت سررشتہ دار صاحب صدر کی توجہ خاص تکمیل اصل روبکار رجوع کرائی جاوے -

شرح دستخط
محمد احمد انچارج اسسٹنٹ

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور کے من ابتداء ۱-۱۰- لغایت ۱۶- مارچ سنہ ۱۹۰۶ء

نام محالات	پیدائش مرد ہندو	پیدائش مرد مسلمان	پیدائش عورت ہندو	پیدائش عورت مسلمان	میزان	اموات ہندو	اموات مسلمان	تفصیل موتی ۱-۵ مرد	تفصیل موتی ۱-۵ عورت	تفصیل موتی ۶-۱۲ مرد	تفصیل موتی ۶-۱۲ عورت	تفصیل موتی ۱۳ و زیادہ مرد	تفصیل موتی ۱۳ و زیادہ عورت	تفصیل موتی میزان مرد و عورت مرد	تفصیل موتی میزان مرد و عورت عورت	میزان مذہب ہندو	میزان مذہب مسلمان	کیفیت
حضور تحصیل	۱	۱۲	۶	۹	۲۸	۷	۲۱	۲	۳	۱	۰	۵	۳	۹	۷	۸	۷	
شاہ آباد	۱	۳	۱	۱	۶	۲	۳	۲	۴	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ملک	۵	۱	۷	۱	۱۴	۱۲	۲	۰	۰	۰	۰	۶	۱	۶	۱	۶	۱	
سوار	۵	۵	۲	۵	۲۱	۱۱	۱۰	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۳	۳	۲	۳	
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	بلاسپور کا نقشہ نہیں آیا۔
ٹانڈہ	۵	۱۶	۲	۱	۲۳	۷	۱۷	۰	۰	۰	۱	۲	۰	۲	۱	۱	۲	
میزان	۱۶	[illegible]	۲۲	۱۷	۹۳	۲۹	۵۳	۵	۸	۲	۳	۱۲	۶	۱۹	۱۲	۱۸	۴۳	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور سن [illegible] ابتدائے ۱۰ لغایت ۱۶ مارچ سنہ ۶۹

نام اجناس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۴۱۰ار	۱۲۱۰ار	۰	۱۲ار	۱۲۱۰ار	۱۳۱۰ار	تحصیل ملک سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۵۱۰ار	۲۰ار	۰	۱۷ار	۱۸ار	۱۸ار	
نخود گرسنہ آمیز	۲۰ار	۲۱ار	۰	۱۸ار	۲۰ار	۰	
کسیر	۲۱ار	۰	۰	۱۵ار	۰	۱۹ار	
[illegible]	۱۴۱۰ار	۱۵ار	۰	۱۵ار	۱۵ار	۱۴ار	
مونگ	۱۲ار	۱۵ار	۰	۱۶ار	۱۴ار	۱۴ار	
چنے	۲۴ار	۰	۰	۲۲ار	۲۳۱۰ار	۲۲۱۰ار	
گوجئی	۱۲ار	۲۲۱۰ار	۰	۱۶ار	۲۰ار	۱۷ار	
عدس	۲۳ار	۲۰ار	۰	۱۸ار	۰	۲۰ار	
ارہر	۲۴ار	۲۲۱۰ار	۰	۱۹ار	۰	۲۰ار	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۳ار	۳ار	۰	۳ار	۲۱۰ار	۲۱۰ار	
روغن کنجد	۲۱۰ار	۲۰ار	۰	۲۰ار	۲ ار	۲ار	
نمک لاہوری	۶۱۰ار	۶ار	۰	۰	۶ار	۶ار	
نمک سیاہ	۸ار	۸ار	۰	۸ار	۸۰ار	۸ار	
مکا	۰	۱۲ار	۰	۰	۲۰ار	۲۰ار	
باجرہ	۰	۱۷ار	۰	۰	۱۶ار	۰	
برنج	۰	۰		۰	۰	۱۱ار	

اشتہار

اس مطبع مین نہایت مضبوط عمدہ فولس کیپ کے سادہ مجلد کتابین ہر محکمجات کے لائق حسب ذیل موجود ہیں اور قیمتاً بھی بہت ارزان چنانچہ اکثر دفاتر مین خرید ہو گئی ہین تہوڑی ہی باقی ہین جن صاحب کو مطلوب ہون عاجلہ قیمت بہیجکر مطبع سے طلب فرمالین۔

فی جلد ۲ دستہ ۱۲ر فی جلد ۳ دستہ ۲ر فی جلد [illegible] دستہ [illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا